اگر آپ کا بینک یا کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ وقت پر نہیں پہنچتا ہے تو، اس کے جاری کنندہ کو یہ یقینی بنانے کے لیے کال کریں کہ اسے موزوں پتے پر بھیجا جائے۔ ساتھ ہی یہ دیکھنے کے لیے بھی پوسٹ آفس سے رابطہ کریں کہ آیا آپ کے نام سے پتے کی تبدیلی کی اطلاع جمع کروائی گئی ہے۔ کوئی چور غیر قانونی سرگرمیوں کو چھپانے کے لیے آپ کے اسٹیٹمنٹ کو چرا سکتا ہے یا کسی اور پتے پر روانہ کرسکتا ہے۔

## اگر آپ شناخت کی چوری کے شکار ہوئے ہیں

- **فوراً ہیوسٹن پولیس ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں: 713-884-3131**
- **درج ذیل کریڈٹ رپورٹنگ ایجنسیوں سے رابطہ کریں:**

ٹرانس یونین 1-800-680-7289
*www.tuc.com*

CSC فراڈ 1-800-272-9281
*www.csccredit.com*

ایکویفیکس 1-800-525-6285
*www.equifax.com*

ایکسپیریئن 1-888-397-3742
*www.experian.com*

- **وفاقی ٹریڈ کمیشن سے رابطہ کریں** 1-877-IDTHEFT
- **اپنی کریڈٹ رپورٹ کا جائزہ لیں**

منصفانہ کریڈٹ رپورٹنگ کا قانون (ایف سی آر اے) ملکی پیمانے پر صارف کو اطلاع دینے والی تمام کمپنیوں سے، آپ کی درخواست پر، ہر 12 مہینے میں ایک بار، آپ کو آپ کے کریڈٹ رپورٹ کی ایک مفت کاپی فراہم کرنے کا تقاضہ کرتی ہے۔

**1-877-322-8228**
**www.annualcreditreport.com**

## ہنگامی 9-1-1 پولیس غیر ہنگامی

*مقامی پولیس اسٹیشن*
*(نمبر ذیل میں فراہم کیے گئے ہیں)*
*یا*
*پبلک افیئرز سے اس نمبر پر رابطہ کریں 713-308-3200*

*مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں*
***www.houstonpolice.org***

### ہیوسٹن کے پولیس اسٹیشنز

| | |
|---|---|
| ایرپورٹ - بش | 281-230-6800 |
| ایرپورٹ - ہابی | 713-845-6800 |
| سنٹرل | 713-247-4400 |
| کلیئر لیک | 281-218-3800 |
| ایسٹ سائڈ | 713-928-4600 |
| کنگ ووڈ | 281-913-4500 |
| مڈ ویسٹ | 832-394-1200 |
| شمال | 281-405-5300 |
| شمال مشرق | 713-635-0200 |
| شمال مغرب | 713-744-0900 |
| جنوبی سنٹرل | 832-394-0200 |
| جنوبی جیسنر | 832-394-4700 |
| جنوب مشرق | 713-731-5000 |
| جنوب مغرب | 713-314-3900 |
| اسپیشل اوپس | 832-394-0000 |
| ویسٹ سائڈ | 281-584-4700 |

# شناخت کی چوری

ہیوسٹن کو

**محفوظ**

رکھیے

شناخت کی چوری ایک عام اصطلاح ہے جس کا استعمال ہر ایسے تمام جرائم کے لیے کیا جاتا ہے جس میں کوئی شخص غلط طریقے سے دوسرے فرد کا ذاتی ڈیٹا حاصل کرتا اور اسے ایسے انداز میں استعمال کرتا ہے جس میں، عام طور پر مالی فائدے کے لیے، جعلسازی، فریب شامل ہو۔ شناخت کی چوری امریکہ میں تیزی سے بڑھنے والے جرائم میں سے ایک ہے۔

## شناخت کی چوری کا ارتکاب کیسے ہوتا ہے

- **کندھے پر سے جھانکنا** – آپ کو ٹیلیفون کالنگ کارڈ، کریڈٹ کارڈ، اے ٹی ایم نمبروں کو پنچ کرتے ہوئے دیکھ کر۔
- **تجارتی ریکارڈ کی چوری** - ایسے کاروباروں یا اداروں سے ذاتی فائلوں کی چوری کرنا جہاں آپ گاہک، مریض، ملازم وغیرہ ہوں۔
- **دھوکہ دہی** - آپ کی ذاتی معلومات حاصل کرنے کے لیے کسی قانونی کمپنی یا سرکاری ایجنسی کے بطور ظاہر کرنا۔ یہ اکثر ای میل کے ذریعہ ہوتا ہے۔
- **فون کے ذریعے دھوکہ دہی** – کسی دوسرے کے نام پر سیلولر فون سروس حاصل کرنا۔
- دھوکے سے مشین سے ذاتی معلومات حاصل کرنا -ڈیٹا حاصل کرنے والا خصوصی آلہ استعمال کرتے ہوئے جسے "اسکیمر" کہا جاتا ہے، خریداری کی ادائیگی کرنے کے لیے کارڈ کو اسکین / اس پر کارروائی کرتے وقت کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ نمبر چرالینا۔
- **کوڑے دان کو کریدنا** – چیکوں، کریڈٹ کارڈ/ بینک اسٹیٹمنٹس یا دیگر ریکارڈوں کی کاپیاں حاصل کرنے کے لیے آپ کے یا بزنس کے کوڑے کو کریدنا۔
- **ڈاک کی چوری** - نئے کریڈٹ کارڈز، بینک یا کریڈٹ کارڈ کے اسٹیٹمنٹس، ٹیکس کی معلومات حاصل کرنے، ساتھ ہی پتے کی فریب کارانہ تبدیلی کے لیے ڈاک چرانا۔
- **والیٹ یا پرس چرانا** – آپ کے پرس یا والیٹ کی چوری کے ذریعہ ذاتی معلومات حاصل کرنا۔
- **معلومات کی شاہراہ** - ایسی معلومات حاصل کرنا جس کا اشتراک آپ انٹرنیٹ پر کرتے ہوں۔
- **کمپیوٹر میں کسی پروگرام کی آڑ میں دوسرے پروگرام کے ذریعے ذاتی معلومات حاصل کرنا اور کمپیوٹر سے استعمال کنندہ کا نام اور خفیہ لفظ حاصل کرنا** – جب چور قانونی بزنس کی ہمشکل ویب سائٹ ترتیب دیتے ہیں اور فریب کے ذریعہ صارفین کو ایسے ای میل پیغام بھیج کر اپنی ذاتی معلومات داخل کرنے کو کہتے ہیں جس میں انتباہ ہوتا ہے کہ ان کے اکاؤنٹ کی میعاد ختم ہونے کو ہے یا اس تک غیر قانونی رسائی کی گئی ہے۔

## شناخت کی چوری کے انتباہی علامات

- اچانک آپ کے ماہانہ کریڈٹ کارڈ اور بینک اسٹیٹمنٹس آنے بند ہوجاتے ہیں۔
- آپ کو اس وجہ سے کریڈٹ دینے سے انکار کردیا جاتا ہے جو اپنی مالی حیثیت کے بارے میں آپ کی معلومات سے میل نہیں کھاتی ہو۔
- آپ کو ایسی کمپنیوں سے بل موصول ہونا شروع ہوتا ہے جنھیں آپ نہیں جانتے ہیں۔
- آپ کو کلیکشن ایجنسیوں یا ادھار دینے والوں سے ایک ایسے اکاؤنٹ کے لیے کالیں موصول ہوتی ہیں جو آپ کا نہ ہو یا وہ تاحال تازہ ہو۔
- آپ کے کریڈٹ رپورٹ میں غیر معمولی اندراجات نظر آتے ہیں۔
- مالیاتی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس میں ایسی نکاسیاں موجود ہوتی ہیں جو آپ نے نہیں کیے ہیں۔
- کوئی ادھار دینے والا یہ بتانے کے لیے کال کرتا ہے کہ آپ کو ایک ایسے کریڈٹ کارڈ کی منظوری دی گئی ہے یا انکار کیا گیا ہے جس کے لیے آپ نے درخواست نہیں دی ہے۔ یا، آپ کو ایسے اکاؤنٹس کے لیے کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ موصول ہوتے ہیں جو آپ کے نہیں ہیں۔

## شناخت کی چوری کو روکنا

- اپنے سوشل سیکیورٹی نمبر کی حفاظت کریں۔ یاد رکھیں کہ یہ انتہائی اہم قدم ہے۔ یہ آپ کی کریڈٹ رپورٹ اور بینکنگ اکاؤنٹس کے لیے کلید ہے۔ اسے صرف ایسی صورت میں کسی کو دیں جب یہ انتہائی ضروری ہو۔
- ذاتی مالیاتی معلومات اور اپنے پاس موجود کریڈٹ کارڈ کی تعداد کو کم سے کم رکھیں۔ پاس ورڈز اور PINs کو اپنے ساتھ رکھنے کے بجائے انہیں یاد رکھیں۔
- ذاتی مالیاتی معلومات کو اپنے گھر میں ایک محفوظ جگہ میں رکھیں۔ قابل شناخت معلومات کو پھینکنے سے قبل اچھی طرح پرزے پرزے کردیں۔
- غیر مطلوب کال کرنے والوں کو حساس معلومات نہ دیں۔ یاد رکھیں کہ زیادہ تر قانونی بزنسز آپ کے سوشل سیکیورٹی یا بینک اکاؤنٹ نمبروں کے بارے میں نہیں پوچھیں گے۔
- بینک ATM میں اپنا PIN ڈالتے ہوئے یا کالنگ کارڈ سے طویل دوری کی کال کرتے ہوئے اپنے ہاتھ سے آڑ کرلیں۔ اپنے کریڈٹ کارڈ کی رسیدیں اور ATM کی پرچیاں لے لیں۔ انہیں پھینکنے سے قبل اچھی طرح پرزے پرزے کردیں۔
- نئے چیکس یا نئے یا دوبارہ جاری کردہ کریڈٹ کارڈ اپنے بینک سے حاصل کریں بجائے اس کے کہ اسے اپنے گھر پر بھیجنے کو کہیں۔ اپنے چیکوں پر اپنا ڈرائیور لائسنس نمبر یا سوشل سیکیورٹی نمبر پرنٹ نہ کریں۔
- غیر معمولی سرگرمیوں کی علامات دیکھنے کے لیے ہر سال اپنے کریڈٹ کارڈ کی رپورٹ چیک کریں۔
- اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر اور ذاتی معلومات انتہائی ضروری ہونے پر ہی فراہم کرکے اس کے افشاء کو محدود رکھیں۔
- فون پر، انٹرنیٹ پر یا میل کے ذریعہ ذاتی معلومات ہرگز نہ دیں تاوقتیکہ آپ نے اس رابطے کو شروع کیا ہو یا آپ کو اس بزنس کے قابل اعتبار ہونے کا یقین ہو۔
- اپنے والیٹ کی چیزوں کا ڈپلیکیٹ ریکارڈ رکھیں۔
- ادائیگیاں کسی محفوظ مقام سے بھیجیں۔ انہیں اپنے میل باکس میں نہ ڈالیں جہاں سے انہیں چرایا جاسکتا ہو۔